© rasailojaraid.com


# فرامین رسول ﷺ ...... انمول موتی

تحریر: محمد رمضان جانباز

- سارے ہی بندے گنہگار ہیں لیکن بہتر گنہگار وہ ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ)
- آدمی کا اسلام اس وقت اچھا ہوتا ہے جب وہ بے ضرورت چیزوں کو چھوڑ دے۔ (ترمذی)
- جو لمبی عمر اور فراخ رزق کا طالب ہو وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری)
- قطع رحمی کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔ (بخاری و مسلم)
- کسی نیکی کو معمولی نہ سمجھو خواہ کسی کو خندہ پیشانی سے ملنا ہی کیوں نہ ہو۔ (بلوغ المرام)
- ہر نیکی صدقہ ہے (بخاری) ہر اچھی بات صدقہ ہے۔ (بخاری)
- ماں باپ کی رضامندی میں اللہ کی رضامندی ہے اور ماں کی ناراضگی میں اللہ کی ناراضگی ہے۔ (ترمذی)
- اللہ کی قسم جب تک آدمی ہمسائے کے لیے وہی کچھ نہ چاہے جو اپنے لیے چاہتا ہے مومن نہیں ہوتا۔ (متفق علیہ)
- جب تم ہنڈیا پکاؤ تو پانی زیادہ ڈال لیا کرو اور اس سے ہمسائے کو بھی دے دیا کرو۔ (مسلم)
- جو نیکی کا کام بتائے اس کو بھی نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (مسلم)
- مجھے تمہاری طرف سے سب سے بڑا خوف چھوٹے شرک یعنی دکھلاوے کا ہے۔ (مسند احمد)
- حسد سے بچو حسد نیکی کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ خشک لکڑیوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو کھا جاتی ہے۔ (ابوداود)

○ بہادر وہ نہیں جو مقابل کو گرا دے بلکہ بہادر وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔ (متفق علیہ)

○ ظلم قیامت کے دن اندھیرا بن کر چھا جائے گا۔ (ایضا)

○ ظلم سے بچو قیامت کے دن ظلم سے اندھیرے چھا جائیں گے اور بخیلی سے بچو کہ پہلے لوگ اسی سے تباہ ہوئے تھے۔ (مسلم)

○ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور قتل کرنا کفر۔ (متفق علیہ)

○ شکوک اور شبہات سے بچو کہ شک بہت بڑا جھوٹ ہے۔ (ایضا)

○ جس کو اللہ حکومت دے اور وہ رعیت پر ظلم کرے تو اللہ موت کے بعد اس پر جنت حرام کر دے گا۔ (ایضا)

○ یاالٰہی ! جو حاکم میری امت پر سختی کرے تو اس پر سختی کرنا۔ (مسلم)

○ اپنے بھائی سے جھگڑا نہ کر' ہنسی مذاق نہ کر اور اس سے ایسا وعدہ نہ کر جسے تو پورا نہ کر سکے۔ (ترمذی)

○ مومن میں دو خصلتیں اکٹھی نہیں ہوتیں' بخیلی اور بد خلقی۔ (ایضا)

○ دو گالی بکنے والوں کا سارا گناہ ابتداء کرنے والے پر ہوتا ہے جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔ (مسلم)

○ خاموش رہنے میں نجات ہے۔ (مسند احمد)

○ ہمیشہ اپنے سے غریب کو دیکھو اور اپنے سے امیر کو نہ دیکھو کیوں کہ اس سے تم اللہ کی نعمت کو حقیر نہ سمجھو گے۔ (بخاری و مسلم)

○ نیکی اچھے خلق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے سینے میں کھٹکے اور تو اسے لوگوں سے چھپانا چاہے۔ (مسلم)

○ کوئی آدمی کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ خود نہ بیٹھے اگر جگہ نہ ہو تو حلقہ وسیع کر لو تاکہ جگہ کھل جائے۔ (بخاری و مسلم)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ جب تین آدمی ہوں تو دو علیحدہ ہو کر مشورہ نہ کریں جب تک کہ کوئی اور بھی نہ آجائے اس لیے کہ اس سے تیسرے کو رنج پہنچے گا۔ (مسلم)

○ سب سے بدترین برتن جسے آدمی بھرتا ہے پیٹ ہے۔ (ترمذی)

○ کھا پی اور پہن اور صدقہ کر جس میں اسراف اور فخر نہ ہو۔ اس کو ابوداؤد اور احمد نے نقل کیا ہے۔

○ جو مسلمان کو تکلیف دے اللہ اسے تکلیف دے گا اور جو مسلمان پر سختی کرے اللہ اس پر سختی کرے گا۔ (ترمذی)

○ اللہ گالی بکنے والے بکواسی آدمی کو پسند نہیں کرتا۔ (ترمذی)

○ مردوں کو گالی نہ دیا کرو انہوں نے جو کیا تھا اس کو پہنچ گئے۔ (بخاری)

○ غیبت کرنے والا (چغل خور) جنت میں نہیں جائے گا۔ (بخاری)

○ دغا باز، بخیل اور بد خلق جنت میں نہیں جائے گا۔ (ترمذی)

○ جو شخص چھپ کر لوگوں کی باتیں سنے اور وہ اسے سنانا نہ چاہے تو قیامت کو اس کے کانوں میں سیسہ پگھلا کر ڈالا جائے گا۔ (بخاری)

○ جو اپنے غصے کو روک لیا کرے گا اللہ اس سے اپنا عذاب روک لے گا۔ (طبرانی فی اوسط)

○ خوش بخت ہے وہ آدمی جو لوگوں کے عیب دیکھنے کی بجائے اپنے عیب دیکھے۔ (بلوغ المرام)

○ جو آدمی خود کو بڑا سمجھے اور فخر کی چال چلے اللہ اس کو غضب ناک حالت میں ملے گا۔ (حاکم)

○ لعنت کرنے والے کو قیامت کے روز شہادت اور شفاعت کا درجہ نہ ملے گا۔ (مسلم)

○ جو شخص کسی مسلمان کو گناہ کا طعنہ دے جبکہ وہ اس سے توبہ کر چکا ہو تو طعنہ دینے والا ضرور وہ کام کر کے مرے گا۔ (ترمذی)

باقی ص ۲۲ پر

© rasailojaraid.com